Music By Naushad

محبوب پروڈکشنز

मदर इंडिया

87

مدر انڈیا

نرگس سنیل دت راجندر کمار

راجکمار

اور کنہیالال

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

مدر انڈیا کے گانے

گانا نمبر ١ — شمشاد بیگم

چھر چھر کرتی جھم جھم کرتی گاڑی ہماری جائے
پھر پھر بھاگے سب سے آگے کوئی پکڑ نا پائے
او گاڑی والے گاڑی دھیرے ہانک رے — او گاڑی....
جیا اُڑا جائے لڑے آنکھ رے۔ جیا اُڑا جائے ۔ گاڑی والے...
دل کھائے ہچکولے گاڑی رے بل ہولے ہولے ۔ دل...
بندیا موری گر گر جائے نتھنی توڑے ہولے موری نتھنی
دیکھ نظر نا لگے رے گوری کاہے مکھڑا کھولے
نینوں والی گھونگھٹ سے نہ جھانک رے — گاڑی والے..
مورا لال چنریا اُڑ گئی رے موری نتھنی کی بندیا گر گئی رے
پیا میں اُڑ گئی موری چنریا لڑ گئی توسے انکھیاں
مورا بدنوا تھر تھر کانپے
تو اکیلی پریت نگریا نا کر ایسی بتیاں — گاڑی والے...

لتا — گانا نمبر ۲ : گھونگھٹ نہیں کھولوں گی سیاں تورے آگے
کہ موری جانے شرم میہے لاگے گھونگھٹ نہیں کھولوں گی
مکھڑے پہ گھونگھٹ نینوں میں رسیا من ہی من مسکاؤں
دل کی بتیاں تو ہی سمجھ لے میں کیسے سمجھاؤں
جیا مورا لرزے بدن مورا کانپے گھونگھٹ نہیں کھولوں گی
ناچے انگ مرلی کی دھن پر گائے من متوالا
دل پہ مورے بلم کیسا جادو کر ڈالا، کیسا جادو ڈالا

جیا کو مورے لوٹنا بالمریا بجا کے گھونگھٹ نہیں کھولوں گی

گانا نمبر ۳ :- نا میں بھگوان ہوں نا مَیں شیطان ہوں **رفیع**

ارے دنیا جو چاہے سمجھے! میں تو انسان ہوں

مجھ میں بھلائی بھی مجھ میں برائی بھی

لاکھوں ہیں میل دل میں تھوڑی صفائی بھی

تھوڑا سا نیک ہوں تھوڑا بے ایمان ہوں

ارے دنیا جو چاہے ...

نا کوئی راج ہے نا سر پر تاج ہے

پھر بھی ہمارے دم سے دھرتی کی لاج ہے

تن کا غریب ہوں من کا دھنوان ہوں

ارے دنیا جو چاہے ...

جیون کا گیت ہے سُر میں نا تال میں

الجھی ہے ساری دنیا رتی کی چال میں

کیسا اندھیرا ہے میں بھی حیران ہوں

ارے دنیا جو چاہے ...

گانا نمبر ۴ پی کے گھر آج پیاری دلہنیاں چلی **شمشاد**

روئے ماتا پتا ان کی دنیا چلی پی کے گھر آج ...

بھیا بہنا کے دل کو لگی ٹھیس رے

تیری قسمت میں جانا تھا پردیس رے

چھوڑ کے اپنے بابل کا انگنا چلی پی کے گھر آج

بھیا بابا نے خوب موتی تارے دیئے

مورے گہنے میں چاند اور ستارے دیئے

ساتھ دے کے ہیں سار اگنوا چلی - پی کے گھر آج..

کوئی گن ڈھنگ نا مجھ میں کوئی بات ہے

موری چوڑیوں کی لاج اب تورے ہاتھ ہے..

جوڑ سنگ ہیں جیون بھر کو سجنا چلی - پی کے گھر آج..

لتا — گانا نمبر ۸:- او میرے لال آجا - او میرے لال آجا

تجھ کو گلے لگا لوں - دل میں تجھے چھپا لوں - او میرے لال..

او میرے دل کے ٹکڑے - او ممتا کے پیارے

سن لے کہ تیری ماں ہے زندہ تیرے سہارے

ماں سے تو کیوں خفا ہے آئیں تجھے منا لوں

دل میں تجھے چھپا لوں او میرے لال....

رو رو کے مانگتی ہوں تیرے لیے دعائیں

مر جاؤں تیرے بدلے لیکر تیری بلائیں

جیون مٹا کے اپنا جیون ترا بنا لوں

دل میں تجھے چھپا لوں — او میرے لال....

تیرے لیے ہوں پاگل آخر تو ماں ہوں تیری

جگ میں رہے تو زندہ آخر ہے [illegible] او میری

ایک بار اپنے ہاتھوں دلہا تجھے بنا لوں

دل میں تجھے چھپا لوں — او میرے لال...

رفیع شمشاد گانا نمبر ۹:- دیکھ میرے دن بیتے رے بھیا اب سنکھ دیا رے

رنگ جیون میں نیا لا یو رے - دیکھ میرے دن.

دیکھو رے گھٹا گھر کے آئی رنگ بھر بھر لائی

بھر لے گوری من کی بنیا رم جھم رت چھائی

پریم کی راگنی لائے رے بادل دیا گل مورا جیا ہو دُکھ بھرے..

مدھم مدھم منوا گائے... اپنے بھی دن آئے

ساون کے سنگ آئے جوانی ساون کے سنگ جائے جوانی

آج تو جی بھر ناچے رے پاگل

کل نا جانے کیا ہووے ——— دُکھ بھرے دِن..

گانا نمبر ۴: ـ نگری نگری دوارے دوارے ڈھونڈھوں رے سانوریا

پیا پیار کے بن تو ہو گئی باوریا ـ نگری نگری...

بے دردی بالم نے موہے بچھڑ کا غم کی آگ میں

برہا کی چنگاری بھر دی دُکھیا کے سہاگ میں

پل پل منوا روئے چھلکے نینوں کی گگریا ـ نگری نگری..

آئی تھی انکھیوں میں لیکے سپنے کیا کیا پیار کے

جاتی ہے تو آنسو لیکے آگئے سب ہار کے

دُنیا کے میلے میں لُٹ گئی جیون کی گٹھریا ـ نگری نگری..

درشن کے بھوکے نیناں جیون بھر نا رو دیں گے

بچھڑے ساجن تم سے کارن راتوں کو ہم رو دیں گے

اب نا جانے راما کیسے بیتے گی عمریا ـ نگری نگری...

گانا نمبر ۵: ـ دُنیا میں ہم آئے ہیں تو جینا ہی پڑے گا

جیون ہے اگر زہر تو پینا ہی پڑے گا ـ دُنیا میں ہم...

گر گر کے مصیبت میں سنبھلتے ہی رہیں گے

جل جائے مگر آگ میں جلتے ہی رہیں گے

غم جس نے دیئے ہیں وہ ہی غم دور کرے گا ـ دُنیا میں ہم..

عورت ہے وہی عورت جسے دُنیا کی شرم ہے

سنسار میں لاج ہی ناری کا دھرم ہے
زندہ ہے جو عزت سے وہ عزت سے رہے گا ۔ دنیا میں ہم..

مالک ہے تیرے ساتھ نہ ڈر غم سے تو اے دل
محنت جو کرے انسان تو کیا کام ہے مشکل
جیسا جو کرے گا یہاں ویسا ہی بھرے گا ۔ دنیا میں ہم..

گانا نمبر ۵

متوالا پیا ڈولے پیا جھومے گھٹا چھائے رے بادل
کرنا ہے تو کر پیار نہ ڈر بیتی عمر آئے کبھی نا

کل ارے پاگل

متوالا پیا ۔ ارمان بھرا دل ہے بلم تیرے حوالے
تو اپنا بنا لے ارے تو اپنا بنا لے
ساجن ہے جوانی لگی دل کی بجھا لے ہنس لے ذرا گا لے
ناچے میرا من آج چھن چھن چھنا چھن بولے رے پائل
کرنا ہے تو ..... متوالا پیا...

دل تیرا دیوانہ میری انکھیاں بھی دیوانی
کچھ دیدے نشانی ارے کچھ دیدے نشانی
دل تیرا دیوانہ...

دنیا کے مزے لوٹ لے جیون ہے کہانی
دو دن ہے جوانی ارے دو دن ہے جوانی
دنیا ہے بری جادو بھری کل ساتھ میرے چل
کرنا ہے تو کر... متوالا پیا...

گانا نمبر ۶ ہے ہولی آئی رے کنہیا رنگ چھلکے سنا دے ذرا بانسریا

ہولی آئی رے ہولی آئی رے
برسے گلال رنگ مورے انگنوا
اپنے ہی رنگ میں رنگ دے مورے سجنوا
دیکھو نا بیتے موسا سنوا برسے گلال رنگ مورے انگنوا
اپنے ہی رنگ...
تورے کارن گھر سے آئی ہوں نکل کے سنا دے ذرا بانسریا ۔ ہولی۔۔
جتنوں کے نا رنگ ایسی رنگ دے چنریا
دھوبنیاں دھوئے چاہے ساری عمریا
او من کو رنگ دیگھا نوریا ۔ ہولی آئی رے...
موسے بھلائے نا بسر جائی رنگ پیچھے سنا دے ذرا بانسریا ۔ ہولی۔۔
گانا نمبر ۱۲ ہولی آئی رے کنہائی رنگ چھلکے سنا دے ذرا بانسریا
ہولی آئی رے ہولی آئی رے...
من کو جلا دے مورے ہولی کی اگنی
بن کے باوریا ڈھونڈے ساجن کی سجنی
ترسے اکھیاں تورے بن اپنی
من کو جلا دے...
چیاروہائی دتیا ہے جل جل کے سنا دے ذرا بانسریا ۔ ہولی۔۔
ہولی گھر آئی تو بھی آ جا مراری
من ہی من رادھا رو دے برہا کی ماری نا ہی مارو پچکاری
کاہے چھیڑی رے کاہائی رنگ چھلکے ۔ سنا دے...
گانا نمبر ۱۳: ۔ چنریا کٹتی جائے رے عمریا گھٹتی جائے رے — منا ڈے
کام کٹھن ہے جیون تھوڑا کام کٹھن ہے رے

کام کٹھن ہے جیون تھوڑا ہے گا من گھبرائے رے چڑیا...
دُکھ درد سے بن جائے جیتا دُھوپ میں دیکھیں تارے
دن رات بہائیں پسینہ ہم کچھ ہاتھ نہ آئے ہمارے
ہماری ساری محنت مایا ٹھگ لے جائے رے ۔ چڑیا..
دھرتی پر کتنے دارا لوٹے بیت گئے رے آگئے دُکھ

دنیا کیلئے رچتے لیلا تیری ہم سے چھپا کیہ یہ کاٹے راما
کاغذ ہو تو بانچھے کوئی راما بھاگ نہ بانچھے کوئی جائے رے چڑیا
سنسار میں تیرے ٹوٹے پتی اور جان کو پڑ گئے لالے
اب روک جنم کی کشتی اے سنسار بنانے والے

گانا نمبر ۱۳

او جانے والو جاؤ نہ گھر اپنا چھوڑ کے ٹلا ۔
ماتا بلا رہی ہے تمہیں ہاتھ جوڑ کے ۔ او جانے والو
نگری تمہاری گلیاں ہماری یہ بستیاں
ان سب کو چھوڑ کے ارے جاتے ہو تم کہاں
اُجڑی ہے آج پھر کسی کی دھرتی تمہاری ماں
دُنیا میں کچھ نہ پاؤ گے جنتا کو چھوڑ کے ۔ او جانے والو...
پھر گود پکارتی ہے تمہاری زمیں تمہیں
کہتا ہے آسماں ہے جینا یہاں تمہیں
لوٹ آؤ ماں کی ہائے لگے نا کہیں تمہیں
رک جاؤ جا رہے ہو کہاں پیٹھ موڑ کے
او جانے والو... ماتا بلا رہی ہے

ختم شد